بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس:۸

عنوان: تاریخ اسلام میں مختلف مذاہب

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv

(فرقہ کیسانیہ)

صدر اسلام میں مسلمانوں کی ایک تقسیم:

۱) **نظریہ خلافت:** یہ گروہ وہ ہے جو خلافت الٰہیہ کا قائل نہیں ہے اور خلافت کو خلفاء کے لئے تسلیم کرتا ہے یعنی منکر نظریہ امامت ہے۔

۲) **نظریہ امامت:** یہ لوگ امیر المومنین علی (علیہ السلام) کے شیعہ ہیں اور امام علی (علیہ السلام) کو خلیفہ بلافصل مانتے ہیں۔

۳) ایک گروہ وہ ہے جو نظریہ امامت کا قائل نہیں ہے لیکن مولا علی (علیہ السلام) کی مودّت و محبّت کو فرض سمجھتا ہے۔

فرقہ کیسانیہ: یہ فرقہ واقعہ کربلا کے بعد یعنی مختار ثقفی کے دور میں وجود میں آیا ہے۔ یہ گروہ ''محمد ابن حنفیہ" حضرت علی علیہ السلام کے بیٹے کی امامت کا عقیدہ رکھتا تھا اور انہیں امیر المومنین، امام حسن اور امام حسین کے بعد چوتھا امام مانتا تھا۔

مختار ثقفی کا قیام:

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv

سن ۶۶ ہجری میں جناب مختار بن عبیدہ ثقفی کے ذریعے عراق میں امام حسین علیہ السلام کے خون کا انتقام لینے کی غرض سے وجود میں آیا یہ قیام کامیاب رہا اور جناب مختار کے لشکر والوں نے ایک دن میں دو سو اسّی یزیدیوں کو کیفر کردار تک پہنچایا اور انہیں واصل جہنم کیا۔

جناب مختار نے اپنے قیام کے ذریعے واقعہ عاشورا اور امام حسینؑ کے قتل میں ملوث بہت سارے مجرموں کو قتل کیا۔ بعض اس بات کے معتقد ہیں کہ ان کے قیام کو امام زین العابدینؑ کی تائید بھی حاصل تھی۔ مختار نے قیام کی کامیابی کے بعد کوفہ پر اپنی حکومت قائم کی اور ۱۸ ماہ حکومت کے بعد مصعب بن زبیر کے ہاتھوں شہید ہوئے۔ ان کی قبر مسجد کوفہ میں مسلم بن عقیل کی قبر کے ساتھ واقع ہے۔

شیعہ اور کیسانیہ میں مشترکات:

۱۔ امامت الٰہیہ کے قائل ہیں۔

۲۔ امام علی (علیہ السلام) کو خلیفہ بلا فصل مانتے ہیں۔

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv

۳۔ امام علی (علیہ السلام) کی عصمت کے قائل ہیں۔

۴۔ مہدویت کا عقیدہ رکھتے ہیں۔

۵۔ بداء کا عقیدہ بھی رکھتے ہیں۔

شیعہ اور کیسانیہ میں اختلافات:

۱۔امامت میں اختلاف ہے۔ یہ گروہ ''محمد ابن حنفیہ '' حضرت علی کے بیٹے کی امامت کا عقیدہ رکھتا تھا۔

۲۔عقیدہ مہدویت کے مصداق میں اختلاف ہے۔ کیسانیہ کی اکثریت اس بات کی معتقد ہے کہ محمد حنفیہ کی وفات نہیں ہوئی ہے بلکہ کوہ رضوی میں مخفی اور غائب ہیں ایک مدت کی غیبت کے بعد آخر میں ظہور کریں گے یعنی '' رجعت '' اور دنیا کو عدل وانصاف سے بھر دیں گے۔ وہ لوگ اس بات کا اعتقاد رکھتے ہیں کہ محمد حنفیہ وہی مہدی موعود ہیں اور مکہ معظمہ سے ظہور کریں گے۔

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv